| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 10 پہلا دن | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور مصوّرِ پاکستان کرا سکیں۔
- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، قومی شاعر، بچوں کے لیے اہم نظمیں اور تاریخ وفات) بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا نام لکھیں اور طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیار مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخِ پیدائش، والدین کا نام، اور ابتدائی تعلیم کے متعلق دہرائی کروائیں۔ انھیں بتائیں علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ ہی وہ شخصیت ہیں جنھوں نے سب سے پہلے یہ تصوّر پیش کیا کہ برصغیر کے مسلمانوں کے لیے الگ ملک ہونا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں مفکر، فلسفی ہونے کے ساتھ ساتھ آپ رحمتہ اللہ علیہ ایک عظیم شاعر بھی تھے۔
آپ رحمتہ اللہ علیہ نے بچوں کے لیے بھی بہت سی نظمیں لکھیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی مشہور نظموں اور تصانیف کے نام طلبہ کو پڑھوائیں۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** 20منٹ

| نام:__________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ (دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

ا۔ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو مصوّرِ پاکستان کیوں کہا جاتا ہے؟

______________________________

______________________________

۲۔ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو 'سر' کا خطاب کس نے دیا؟

______________________________

______________________________

**سوال2: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے والد کا نام __________ تھا۔

۲۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کو __________ بھی کہا جاتا ہے۔

۳۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اسلامی __________ کو اُجاگر کیا۔

۴۔ علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو حکومتِ برطانیہ نے __________ کا خطاب دیا۔

۵۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے برصغیر کے مسلمانوں میں __________ کی تڑپ پیدا کی۔

**سوال3: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں معلومات لکھیں۔**

ا۔ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ __________

۲۔ تاریخِ پیدائش __________

۳۔ بچوں کے لیے مشہور نظمیں __________

۴۔ تاریخِ وفات __________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی:2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:___ | ہفتہ:10 دوسرا دن | تاریخ:______ | وقت:40منٹ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں جان دار اور بے جان اشیا میں کیا فرق ہے؟ تمام جان دار پیدائش کے وقت اپنے والدین جیسے نہیں ہوتے۔ بلکہ کچھ اپنے والدین سے مختلف ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ اپنے والدین جیسے ہو جاتے ہیں۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
|---|---|

| نام:__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** جان دار اجسام میں تبدیلیاں (دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ کچھ جان دار پیدائش کے وقت اپنے __________ جیسے نہیں ہوتے۔


۲۔ پودے کے دورِ حیات کا آغاز __________ سے ہوتا ہے۔

۳۔ پودے کی نشوونما کے لیے توانائی __________ مہیا کرتی ہے۔

۴۔ پھولوں میں __________ بنتے ہیں۔

۵۔ بیج کو __________ میں بویا جاتا ہے۔

**سوال 2:** نیچے دی گئی تصاویر پر پودے کا دورِ حیات دیا گیا ہے۔ ہر تصویر کے نیچے دورِ حیات کے مرحلے کا نام لکھیں۔



پودے کا دورِ حیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 10 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ایک جان دار کا پیدا ہونے سے بڑا ہو جانے اور اپنے جیسے جان دار پیدا کرنے کے قابل ہو جانے تک کا دورانیہ دورِ حیات کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں حشرات اور پرندے انڈوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ پرندوں کا دورِ حیات تین مراحل پر اور حشرات کا دورِ حیات چار مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔
- انھیں بتائیں مینڈک ایسا جانور ہے جو خشکی اور پانی دونوں جگہوں پر رہ سکتا ہے وہ بالغ مینڈک بننے سے پہلے زندگی کے متعدد مراحل سے گزرتا ہے۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

| نام: __________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: جان دار اجسام میں تبدیلیاں (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ پرندوں کا دورِ حیات __________ مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔

۲۔ انڈوں سے نکلنے والے بچوں کو __________ کہتے ہیں۔

۳۔ لاروا سے __________ بنتا ہے۔

۴۔ پیوپا سے مکمل جان دار یعنی __________ بن جاتی ہے۔

۵۔ مینڈک ایسا جانور ہے جو پانی اور __________ دونوں جگہوں پر رہ سکتا ہے۔

سوال 2: پرندوں کا دورِ حیات کن مراحل پر مشتمل ہوتا ہے؟

